کنزالمدارس پیپر پیٹرن کے مطابق (1443/2022ء) SQ,s/LQ,s/

جامعات المدینہ للبنین دعوت اسلامی پاکستان

مضمون : کنزالدقائق ( فقہ )

ماڈل جامعات المدینہ نیوسول لائن فیصل آباد ( درجہ رابعہ )

مرتب: فقیر اہلسنّت۔ 03159634402

# کتاب الحج

## مختصر سوالات

**سوال نمبر1**

**حج کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کرے؟**

**جواب**

لغوی معنی، قصد کرنا یا ارادہ کرنا

اصطلاحی معنی، کسی مخصوص جگہ مخصوص وقت میں مخصوص فعل کے ساتھ مخصوص زمانے میں زیارت کرنا حج کہلاتا ہے

**سوال نمبر2،**

**حج کے کتنے اور کون کونسے ارکان ہیں؟**

**جواب**

حج کے 2 ارکان ہے

1 وقوف عرفہ 2 طواف زیارت

**سوال نمبر3،**

**حج کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں؟**

**جواب**

حج کے واجب ہونے کی 8 شرائط ہے

1 اسلام 2 عاقل 3 بالغ 4 آزاد 5 وقت 6 توشہ یعنی نان نفقہ پر قدرت 7 سواری پر قدرت 8 فرضیت حج کا علم

**سوال نمبر4،**

**حج کے وجوب ادا کی شرائط تحریر کیجیے؟**

**جواب**

حج کے وجوب ادا کی 4 شرائط ہے

1 اسلام 2 احرام 3 مکان مخصوص 4 وقت مخصوص

**سوال نمبر5،**

**بچے نے نفل حج کے احرام کی نیت کی اور بالغ ہو گیا کیا اس احرام سے فرض ادا کر سکتا ہے؟**

**جواب**

بچے نے اگر نفل حج کی نیت سے احرام باندھا اور بعد میں بالغ ہو گیا تو یہ حج فرض نہیں بلکہ نفل ہی شمار کیا جاے گا

**سوال نمبر6،**

**میقات کتنے ہے؟ کونسا میقات کس کے لیے ہے؟**

**جواب**

میقات کل پانچ قسم کے ہیں

1 ذوالحلیفہ 2 ذات عرق 3 قرن 4 حجفہ 5 یلملم

ذوالحلیفہ۔ یہ مدینہ والوں کے لیے

ذات عرق۔ یہ اھل عراق والوں کے لیے

جحفہ۔ یہ یہ شامیوں کے لیے

قرن۔ یہ نجد والوں کے لیے

یلملم۔ یہ اہل یمن والوں کے لیے

**, سوال نمبر7**

**کس شخص کے لیے کہاں سے محرم ہوناواجب ہے؟**

**جواب**

غیر مکی کے لیے میقات سے محرم ہوناواجب ہے میقات والوں کے لیے حل سے اور مکی کے لیے اگر اس نے حج کرنا ہے تو اس کا بھی حرم سے محرم ہوناواجب ہے اگر مکی نے عمرہ کرنا ہے تو حل سے ہوناواجب ہے

**سوال نمبر8،**

**احرام کالغوی واصطلاحی معنی بیان کرے، احرام میں کتنے کپڑے ضروری ہیں؟**

**جواب**

احرام کالغوی معنی۔ حرام کرنا

اصطلاحی معنی۔ حج کا عمرہ کی نیت سے حج کا مخصوص لباس پہن کر تلبیہ پڑھنے یاحج کا جانور اپنے ساتھ لے کر چلنا احرام کا اصطلاحی معنی ہے۔ نیز احرام میں دو کپڑے ضروری ہے 1 بغیر سلی تہبند 2 چادر

**سوال نمبر9،**

**احرام کا حکم بیان کریں؟**

**جواب**

احرام کو احرام کہنے کی وجہ یہ ہے کے اس کو پہننے کے بعد کچھ چیزیں اس پر حرام ہو جاتی ہے اور وقوف عرفہ اور طواف زیارت کی طرح حج میں احرام بھی فرض ہے لکین۔ احرام شرط ہے اور وقوف عرفہ وطواف زیارت یہ رکن ہے

**سوال نمبر،10 :**

**تلبیہ و احرام کی دعا تحریر کیجیے احرام کی دو رکعتیں پڑھنے کا حکم بیان کرے؟**

**جواب۔**

تلبیہ کی دعا۔ لبیک اللھم لبیک لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد والنعمتہ لک والملک لاشریک لک

احرام کی دعا۔ اللھم انی ارید الحج فیسرہ لی وتقبلہ منی

احرام کی دو رکعتیں۔ احرام کی دو رکعتیں۔ پڑھنا سنت ہے

**سوال نمبر11،**

**چھ ایسی باتیں تحریر کیجیے جو محرم کے لے حرام ہوں؟**

**جواب**

1 محرم کا فحش گوئی کرنا2 لڑائی جھگڑے کرنا3 عورت سے وطی کرنا4 شکار کرنا5 شکار کی طرف اشارہ کرنا دلالت کرنا6 شلوار قمیض پہنا عمامہ پہنا ٹوپی پہنا وغیرہ وغیرہ

یہ سب محرم کے لیے حرام ہے

**سوال نمبر12**

**حمام گھر یا کجاوے کے سایے میں آنا محرم کے لیے جائز ہے یا نہیں**

**جواب**

جائز ہے

**سوال نمبر13،**

**اضطباع اور رمل کا معنی بیان کرے؟**

**جواب**

اضطباع۔ چادر کے ایک پلو کو بائیں کندھے پر رکھتے اور دوسرے کو دائیں بازو کے بغل کے نیچے سے کندھے پر رکھنا اضطباع کہلاتا ہے

رمل۔ طواف کے پہلے تین چکر پیدل چلنا مگر اکڑ کے ساتھ اس طرح کے دونوں کندھے ہلتے ہوں رمل کہلاتا ہے

**سوال نمبر،14،**

**ختم طواف پر دو رکعتیں پڑھنے کا مقام اور حکم بیان کرے؟**

**جواب**

ختم طواف پر دو رکعتیں پڑھنا واجب ہے مقام ابراھیم کے پاس ورنہ جہاں جگہ ملے

**سوال نمبر15،**

**طواف قدوم کس کے لیے سنت ہے اور کیوں؟**

**جواب**

میقات سے باہر رہنے والے جب مکہ معظمہ جاتے ہیں تو طواف کرتے ہیں اسے طواف قدوم کہتے ہیں یہ غیر مکی کے لیے سنت ہے بطور شکر

**سوال نمبر16،**

**صفا و مروہ کسے کہتے ہیں اس کی سعی کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

صفا و مروہ یہ دو پہاڑیاں ہیں مسجد حرام کے پاس

اس کی سعی کرنا واجب ہے

**سوال نمبر17،**

**سعی کا مختصر طریقہ بیان کرے؟**

**جواب**

سعی کی ابتدا صفا اور ختم مروہ پر ہو گی اور جب حج قدوم سے فارغ ہوں گے تو صفا پر آئیں گے استقبال قبلہ کرتے ہوے تکبیر کہتے ہوے کلمہ طیبہ کہتے ہوے درود پاک پڑھتے ہوے اسکے بعد دو سبز میلوں کے درمیان سعی کرتے ہوے مروہ پر پہنچے گے اور وہاں بھی وہی افعال کریں گے جو صفا پر کئے

**سوال نمبر18،**

**یوم ترویہ یوم عرفہ اور یوم نحر کس دن کو کیا جاتا ہے ؟**

**جواب**

یوم ترویہ۔8ذوالحجۃ کو کہتے ہے

یوم عرفہ۔9ذوالحجۃ کو کہتے ہے

یوم نحر۔دس ذوالحجۃ کو کہتے ہے

اگر ایام نحر ہوں تو دس گیارہ بارہ ذوالحجۃ کو کہا جاتا ہے

**سوال نمبر19،**

**محرم کس دن منی اور پھر عرفہ کی طرف سفر کریگا؟**

**جواب**

محرم آٹھ ذوالحجۃ کو منی اور 9ذوالحجۃ کو عرفہ کی طرف سفر کرے گا

**سوال نمبر20،**

**عرفہ میں کونسی 2 نمازوں کو کن شرائط کے تحت جمع کیا جائیگا؟**

**جواب**

مقام عرفہ میں ظہر اور عصر کو جماعت مع امام واحرام جمع کیا جاے گا

**سوال نمبر21،**

**عرفہ میں کس جگہ وقوف کرنا افضل ہے اور کس جگہ ٹھہرنے سے منع کیا گیا ہے ؟**

**جواب**

عرفہ میں جبل رحمت کے نزدیک وقوف کرنا افضل ہے اور منع کیا گیا ہے بطن عرنہ پر ٹھہرنے سے

**سوال نمبر22،**

**مزدلفہ کی طرف روانگی کا وقت بیان کریں نیز مزدلفہ میں کن دو نمازوں کو جمع کیا جائیگا؟**

**جواب**

مزدلفہ میں غروب آفتاب کے بعد روانگی مستحب ہے اور مزدلفہ میں مغرب وعشاء کو جمع کیا جائیگا گا

**سوال نمبر23،**

**مزدلفہ میں کس جگہ ٹھرنا افضل ہے اور کس جگہ ٹھہرنے سے منع کیا گیا ہے؟**

**جواب**

مزدلفہ میں جبل قزح( جبل قزح کو مشعر الحرام بھی کہتے ہیں ) میں ٹھرنا افضل ہے اور مزدلفہ میں بطن محسر میں ٹھرنے سے منع کیا گیا ہے

**سوال نمبر،24**

**رمی جمار کا سنت طریقہ بیان کرے؟**

**جواب**

رمی کا طریقہ یہ ہے کے کنکری کو اپنے دائیں انگوٹھے کی پست پر رکھ کر شہادت کی انگلی کے ساتھ پھینک دے اور رمی کرنے والے اور کنکری گرنے کی جگہ کے درمیان کم از کم پانچ(ذرع) کا فاصلہ ہونا چاہیے کیوں کہ اس سے کم سے پھکینا نہیں بلکہ ڈالنا ہے جبکہ سنت پھکینا ہے ڈالنا نہیں اگر کسی نے کنکری ڈال دی تو بھی کافی ہے مگر خلاف سنت ہے ہر کنکری پھینکتے ہوے تکبیر کہے اور اگر کسی نے تکبیر کی بجاے تسبیح پڑھی تو بھی جائز ہے جمرہ عقبہ کے اوپر کنکری پھینکتے ہی تلبیہ قطع کر دے رمی کا وقت طلوع فجر سے غروب آفتاب تک ہے طلوع فجر کے بعد زوال تک مستحب ہے

**سوال نمبر25،**

**طواف صدر کسے کہتے ہیں؟ یہ کس کے لیے واجب ہے؟**

**جواب**

حاجی جب مکمل حج کر کے واپسی کا ارادہ کرتا ہے تو گھر واپسی آنے کے لیے جو طواف کرتا ہے اسے طواف صدر کہتے ہے اور یہ غیر مکی کے لیے واجب ہے

**سوال نمبر26،**

**طواف قدوم کب اور کس کے لیے سنت ہے؟**

**جواب**

میقات سے باہر رہنے والے جب مکہ معظمہ جاتے ہیں تو طواف کرتے ہیں اسے طواف قدوم کہتے ہیں یہ غیر مکی کے لیے سنت ہے

**سوال نمبر27،**

**حج کا رکن اعظم کسے کہتے ہیں؟ نیز وقوف عرفہ کا وقت بیان کریں؟**

**جواب**

حج کا رکن وقوف عرفہ ہے

وقف عرفہ کا وقت؟ یوم عرفہ کو فجر کی نماز کے بعد عرفات کی طرف چلتے ہیں اور وہاں غروب شمس تک رکتے ہیں

**سوال نمبر28،**

**حج کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ نام تحریر کریں؟**

**جواب**

حج کی تین اقسام ہیں

1 حج قران 2 حج تمتع 3 حج افراد

**سوال نمبر29**

**اقسام حج میں ہر ایک کی تعریف بیان کریں؟**

**جواب**

قارن۔ ایک احرام سے حج اور عمرے کے ادا کرنے کو قران کہتے ہے

تمتع۔ ایک سفر اور دو احراموں سے حج اور عمرہ ادا کرنا کو تمتع کہتے ہے

مفرد۔ ایک سفر میں صرف حج کرنے کو افراد کہتے ہیں

**سوال نمبر30،**

**افضلیت حج میں عند الاحناف ترتیب بیان کرے؟**

**جواب**

قران۔ تمتع۔ افراد یہ ترتیب ہے عند الاحناف

**سوال نمبر31،**

**قارن متمتع۔ اور مفرد کسے کہتے ہیں؟**

**جواب**

قارن۔ ایسا شخص جو میقات سے حج اور عمرے کی نیت سے احرام باندھے اسے قارن کہتے ہے

متمتع۔ ایسا شخص جو ایام حج میں عمرے کا احرام باندھے اور عمرہ ادا کرے پھر حج کا احرام باندھے تو اس شخص کو متمتع کہتے ہے

مفرد۔ ایسا شخص جس نے حج کی نیت سے احرام باندھا ہو اسے مفرد کہتے ہے

**سوال نمبر32،**

**قارن متمتع اور مفرد میں سے کس پر قربانی واجب اور کس پر مستحب ہے؟**

**جواب**

قارن اور متمتع پر قربانی واجب ہے بطور شکر اور جو مفرد ہے اس پر قربانی کرنا مستحب ہے

**سوال نمبر33,**

**حج متمتع کی کتنی اقسام ہے فقط صورت بیان کرے؟**

**جواب**

حج متمتع کی 2 ہی صورتیں ہے

1 ایک محرم یا تو اپنا جانور ساتھ لے کر جائے 2 محرم اپنا جانور ساتھ نہ لے کر جائے

**سوال 34،**

**قارن اور متمتع قربانی کرنے سے عاجز ہو تو انکے لیے کیا حکم ہے؟**

**جواب**

قارن اور متمتع اگر قربانی کرنے سے عاجز ہو تو پھر ان دس روزے واجب ہوں گے دس روزوں کی ترتیب یہ ہے کے پہلے جو 3 روزے ہوں گے وہ یوم نحر سے پہلے رکھنے ہوں گے اور ایام نحر کے بعد بقیہ روزے رکھے گے

**سوال نمبر35،**

**متمتع عمرہ کرنے کے بعد اپنے وطن لوٹ آئے اس کا تمتع باطل ہو گا یا نہیں؟**

**جواب**

متمتع اگر عمرہ کرنے کے بعد واپس لوٹ آیا تو اگر یہ اپنا جانور حرم میں لے کر گیا تھا تو اس نے عمرہ کیا اس کے بعد اپنے گھر لوٹ آیا تو اس عمرہ باطل نہیں۔ ہو گا اگر جانور ساتھ نہیں لے کر گیا تو باطل ہو جاے گا

**سوال نمبر،36**

**ماہ حج کتنے اور ایام حج کتنے اور کونسے ہیں؟**

**جواب**

حج کے تین مہینے ہیں شوال کا پورا مہینہ، ذوالقعدہ کا پورا مہینہ، ذوالحج کے پہلے دس دن. اور ایام حج تین ہیں 8. 9-10 ذوالحجۃ

واللہ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم

**سوال نمبر37,**

**حج قران اور تمتع کس کے لیے اور کیوں؟**

**جواب**

حج قران اور تمتع غیر ملکی کے لیے ہیں جو مکہ سے باہر رہنے والے ہیں ان کے لیے حج قران اور تمتع ہے مکہ والے حج قران اور تمتع نہیں کرسکتے کیونکہ حج قران اور تمتع کے لیے باہر سے احرام باندھنا (میقات سے) ضروری ہے

**سوال نمبر38،**

**اگر محرمہ حائضہ ہوگئی اس کے لیے کیا حکم ہے؟**

**جواب**

اگر محرمہ حائضہ ہوئی تو اگر اس نے طواف زیارت کرنا تھا اگر طواف زیارت سے پہلے حائضہ ہوگئی تو وہ طواف کو تاخیر سے ادا کرے گی پھر جب وہ پاک ہو جائے تو طواف زیارت کرے گی چاہے جتنے ہی دن گزر جائے

**سوال نمبر39,**

**جنایت کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کرے؟**

**جواب**

لغوی معنی۔ خطا ہے

اصطلاحی معنی۔ وہ چیز جو حرام ہو جائے احرام کی وجہ سے یا حرم میں داخل ہونے کی وجہ سے وہ جنایت ہے

**سوال نمبر40 ,**

**محرم نے عذر یا بغیر عذر حلق کروایا ہر صورت میں حکم شرع بیان کرے؟**

**جواب**

محرم نے عذر یا بغیر عذر حلق کروایا دونوں صورتوں میں اس پر دم واجب ہو گا کیوں کے جنایت میں عذر نہیں دیکھا جاتا

**سوال نمبر41،**

**محرم کے جماع کرنے کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

محرم کا جماع کرنا حرام ہے دونوں سبلین میں سے اگر محرم نے وقوف عرفہ سے پہلے جماع کر لیا تو اس صورت میں اس پر دم لازم ہو گا اور وہ دوبارہ سے حج کی قضا کرے گا اگر وقوف عرفہ کے بعد جماع کیا تو اس کا حج فاسد نہیں ہو گا وہ بدنہ دے گا

**سوال نمبر42،**

**محرم نے بھول کر جماع کیا کفارہ ہو گا یا نہیں؟**

**جواب**

جی ہاں کفارہ ہو گا

**سوال نمبر43،**

**محرم نے حالت جنب میں طواف زیارت کیا کس صورت میں بدنہ واجب ہو گا اور کس صورت میں دم؟**

**جواب**

محرم نے اگر جنبی حالت میں طواف زیارت کیا تو بدنہ ہے اگر اس نے حدث کی حالت میں طواف زیارت کیا تو اس پر دم واجب ہے

**سوال نمبر44،**

**حالت حدث میں سعی کرنے یا ترک کرنے کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

اگر حالت حدث میں سعی کی تب بھی دم واجب ہو گا اور اگر اس نے کی ہی نہیں چھوڑ دی تب بھی دم واجب ہے

**سوال نمبر45،**

**عذر یا بغیر عذر وقوف عرفہ ومزدلفہ ترک کرنے کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

اگر مزدلفہ کو بغیر عذر چھوڑ دیا یعنی کوئی عذر نہیں تھا تو دم ہو گا اگر عذر شرعی تھا تو کچھ واجب نہیں وقوف عرفہ عذر کے ساتھ یا بغیر عذر چھوڑ دے گا ترک کر دے گا جو کے حج کا رکن اعظم ہے تو اس کا حج نہیں ہو گا تو وہ آئندہ سال قضا کرے گا

**سوال نمبر46،**

**صید سے کیا مراد ہے؟ محرم نے شکار کیا جرمانہ کس اعتبار سے واجب ہے؟**

**جواب**

صید سے مراد خشکی کا وحشی جانور اور اس کی سزا جرمانہ اس جانوں کی قیمت ہو گی جو دو عادل بندے ہیں وہ لگاے گے

**سوال نمبر47،**

**محرم اگر جرمانہ صید ادا کرنے سے عاجز ہو تو کیا حکم ہے؟**

**جواب**

محرم اگر جرمانہ صید ادا کرنے سے عاجز ہو تو وہ روزے رکھے گا یعنی کے ہر مسکین کے کھانے کے بدلے میں ایک روزہ رکھے گا وہ دیکھے گا کتنی قیمت بنتی ہیں اور وہ اس قیمت سے کتنے مسکینوں کو کھانا کھلا سکتا ہے اس حساب سے روزے رکھے گا

**سوال نمبر48,**

**محرم کے لیے کونسے جانورں کا قتل کرنا جائز ہے؟**

**جواب**

محرم کے لیے کچھ واجب نہیں ہو گا ان جانور کو قتل کرنے سے

کوا، چیل، بھیڑیا، سانپ، بچھو، چوہے، بھانوالے کتے کو، مچھر کو پسو کو، وغیرہ ان کو مارنے میں کوئی چیز نہیں ہے

**سوال نمبر49،**

**محرم نے درندے کا قتل کیا کتنا جرمانہ ادا کرنا ہو گا؟**

**جواب**

اگر محرم نے درندے کا قتل کیا تو وہ بکری سے زیادہ قمیت ادا نہیں۔ کرے گا بکری کی قیمت ہی ادا کرے گا اگرچہ جس کو قتل کیا وہ کتنا ہی مہنگا کیوں نہ ہو۔

**سوال 50،**

**محرم کا کونسے جانورں کو ذبح کرنا جائز ہے؟**

**جواب**

محرم کے لیے بکری گاے اونٹ مرغی اور گھریلو بطخ کو ذبح کرنا جائز ہے

**سوال نمبر51،**

**کیا محرم کا غیر محرم کے کے لیے شکار کرنا جائز ہے؟ اس شکار کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

غیر محرم کا محرم کے لیے شکار کرنا جائز ہے اور محرم اس سے کھا سکتا ہے یعنی اس نے کوئی دلالت بھی نہ کی ہوں اور نہ ہی اشارہ کیا ہوں

**سوال نمبر52،**

**محرم شکار کے ساتھ حرم میں داخل ہویا۔ محرم نے حرم میں ہی شکار کر کے صید کو بیچ دیا اس بیع کا حکم ہے ؟**

**جواب**

جواب محرم اگر شکار کے ساتھ داخل ہوا تو وہ اس کو چھوڑ دے گا اگر اس نے بیچ دیا بیع کر دی اور وہ بیع واپس لوٹائی جاے گی اگر وہ شکار زندہ ہو اور اگر وہ شکار زندہ ہو اور اگر اگر وہ شکار مر گیا تو اس پر جزا ہو گی بیچنے والے پر

**,سوال نمبر53**

**حرم کے درخت اور گھاس کاٹنے کا حکم بیان کرے ؟ فی زمانہ فتویٰ کس پر ہے ؟**

**جواب**

حرم کے گھاس اور درخت کاٹنے حرام ہے مگر کے وہ درخت کاٹنے جائز ہے جن کو عادتاًنہ اگایا ہوں اور نہ کسی کی ملکیت میں ہوں ان کو کاٹنا جائز ہے فی زمانہ فتویٰ حرم کی گھاس کو۔ فی زمانہ ضرورت کے تحت چرانا ( یعنی جانور اس چر سکتے ہے ) حلال ہے جانور کھا سکتے ہے

**سوال نمبر54،**

**محرم نے شکار زخمی کیا اس کے لیے کیا حکم ہے ؟**

**جوب**

محرم نے اگر شکار کو زخمی کیا تو اس پر اتنی قیمت واجب ہو گی جتنا اس نے نقصان کیا

**سوال نمبر55،**

**دو محرم یا غیر محرم نے مل کر شکار کیا جرمانہ کس پر واجب ہے ؟**

**جواب**

دو محرم نے اگر مل کر شکار کیا تو دونوں پر پوری پوری قیمت ادا کرنا ہو گی اگر دو غیر محرموں نے شکار کیا تو دونوں پر شکار کی قیمت نے حساب سے آدھی آدھی قیمت ادا کرنا ہو گی

**سوال نمبر56,**

**میقات سے بغیر احرام داخل ہونے والے کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

جس شخص نے بغیر احرام میقات تجاوز کیا اور پھر لوٹا اور لبیک پڑھتے ہوئے میقات میں داخل ہوا تو اس پر دم ساقط ہو جاے گا

**سوال نمبر57,**

**محرم نے دوسرے حج کے احرام کی نیت کی دونوں کا حکم بیان کریں؟**

**جواب**

اگر محرم نے دوسرے حج کی نیت کی یوم نحر کے دن دس ذوالحج کو اس صورت میں کے اس نے پہلے حج کا حلق نہیں کروایا تو اس پر دوسرا حج لازم ہو جاے گا اور دم بھی لازم اگر اس نے حلق کروایا تو اس پر دوسرا حج لازم ہو گا دم لازم نہیں ہو گا

**سوال نمبر58,**

**احصار کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کرے؟**

**جواب**

احصار کا لغوی معنی۔ روکنا

اصطلاحی معنی۔ کسی مرض کی وجہ سے یا کسی دشمن کی وجہ سے رک جانا احصار کہلاتا ہے

**سوال نمبر59،**

**قارن مفرد معتمر کو حج یا عمرہ سے روک دیا گیا تو قضا کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

قارن ایک حج اور دو عمرے کی قضا کرے گا مفرد ایک حج اور ایک عمرے کی قضا کرے گا معتمر ایک عمرے کی قضا کرے گا

**سوال نمبر60،**

**قارن مفرد معتمر احرام کا احرام سے نکلنے کا طریقہ بیان کریں؟**

**جواب**

قارن جو ہے وہ دو دم بھیجے گا حرم میں مفرد ایک دم بھیجے گا اور معتمر بھی ایک دم بھیجے گا

**سوال نمبر61،**

**کتنے اور کون کونسے ایام میں عمرہ کرنا مکروہ تحریمی ہے؟**

**جواب**

پانچ ایام میں عمرہ کرنا مکروہ تحریمی ہے نو دس گیارہ بارہ۔ اور تیرہ ذاالحجتہ یعنی یوم عرفہ یوم نحر اور ایام تشریق کے تین دن

**سوال نمبر62،**

**حج بدل کسے کہتے ہے؟ حج بدل کے جائز ہونے کی شرط بیان کرے؟**

**جواب**

حج بدل غیر کی طرف حج کرنا اور اس کی شرط یہ ہے کے جس کی طرف سے حج بدل کرنا ہے اس کو ہمشیہ کا عذر لاحق ہو

**سوال نمبر63،**

**عبادات کتنی قسم کی ہیں کس عبادت میں نیابت جائز ہے اور کس میں نہیں؟**

**جواب**

عبادت کی تین قسمیں ہیں

1 عبادت مالی 2عبادت بدنی 3عبادت مرکب یعنی مالی اور بدنی دونوں ہی

عبادت مالیہ میں نیابت مطلقاً جائز ہے عبادت مرکبہ میں بھی جائز ہے اور عبادت بدینہ میں مطلقاً ہی جائز نہیں ہے اور جو عبادت بدینہ اور مالیہ کا مرکب ہے اس میں عذر کے وقت جائز ہے

**سوال نمبر64،**

**منوب اور منوب پر کیا کیا واجب ہے؟**

**جواب**

احصار کا دم منوب پر واجب ہے اور جنایت اور قران کا دم منوب پر واجب ہے

**س وال نمبر 65،**

**ہدی کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کرے؟**

**جواب**

لغوی معنی۔ قربانی کا جانور

اصطلاحی معنی۔ ایسا جانور جو قربت کے لیے قربت کی نیت سے جو حرم میں لے جایا جاے ہدی کہلا تا ہے

**سوال نمبر 66,**

**ہدی میں کون کونسے جانور شامل ہیں انکی شرائط کیا ہے؟**

**جواب۔**

ہدی میں اونٹ گائے بکری وغیرہ شامل ہے ان کی شرائط وہی ہے جو قربانی کے جانور کی شرائط ہوتی ہے

**سوال نمبر 67,**

**محرم پر کونسے جرائم پر بدنہ واجب ہے؟**

**جواب**

محرم پر 2 جرائم پر بدنہ واجب ہے

وہ وقوف عرفہ کے بعد جماع کرے 2 طواف زیارت کو جنبی حالت میں کرے 1

**سوال نمبر 68،**

**کس ہدی کا گوشت فقرا و امرا اور کس فقط فقرا؟**

**جواب**

ہدی کا گوشت فقرا و امرا اور خود سب کھا سکتے ہیں ان کا گوشت قران تمتع اور تطوع۔ اور جنایت کا جو دم ہو گا اس کا گوشت صرف فقرا ہی کھا سکتے ہیں

**سوال نمبر69,**

**ہدی کس جگہ اور کس تاریخ کو ذبح کیا جاے گا؟**

**جواب**

قران اور تمتع کی قربانی حرم کے ساتھ خاص ہے اور یوم نحر کے ساتھ بھی خاص ہے

باقی تمام قربانیاں حرم کے ساتھ خاص لیکن ایام نحر کے ساتھ نہیں ہے

# کتاب ا لنکاح

## مختصر سوالات

**سوال نمبر70،**

**نکاح کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں؟**

**جواب**

لغوی معنی۔ وطی کرنا یا عقد کرنا

اصطلاحی معنی۔ ایسا عقد جو قصداً ملک متعہ پر ہوں

**سوال نمبر71,**

**نکاح کرنے کا حکم بیان کرے؟**

**جواب**

نکاح حالت اعتدال ( مہر نفقہ اور وطی پر قدرت رکھتاہو ) میں کرنا سنت موکدہ ہے اور عند التوقان ( غلبہ شہوت کے وقت ) واجب ہے

**سوال نمبر72،**

**نکاح کے کتنے اور کون کونسے ارکان ہیں؟**

**جواب**

نکاح کے 2ارکان ہیں

1 ایجاب 2قبول

**سوال نمبر73،**

**کن کن الفاظ سے نکاح منعقد ہوتا ہے ؟**

**جواب**

نکاح ایجاب اور قبول سے منعقد ہوتا ہے

**سوال نمبر74،۔**

**نکاح کی شرائط بیان کریں؟**

**جواب**

دو آزاد مرد ہو یا ایک آزاد مرد یا دو آزاد عورتیں ہوں دونوں عاقل بالغ مسلمان ہو اگرچہ فاسق ہو اگرچہ محدود قذف کیوں نہ ہوں

**سوال نمبر75،**

**ومن امر رجلا ان یزوج صغیرتہ فزوجھا عند الرجل والاب حاضر وصح والا؟ مزکورہ مسئلہ کے جواز یا عدم جواز کی وجہ بیان کریں؟**

**جواب**

اس عبارت نکاح کے جائز ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں بتایا گیا مثلا اگر۔ کسی شخص نے اپنی بیٹی کے نکاح کا کسی کو وکیل بنایا اور کہا کہ میری اس صغیرہ بیٹی کا کسی سے نکاح کر دو اب اس وکیل نے اس صغیرہ کا نکاح کیا ایک گواہ کی موجودگی میں اور اگر صغیرہ کا باپ بھی موجود ہو تو نکاح صحیح ہے کیونکہ دو گواہ موجود ہے اسلئے کے باپ کو مباشر نکاح مان لیں گے اور وکیل کو دوسرا گواہ مان لے گے باب نکاح میں حقوق نکاح موکل کی طرف لوٹتے ہیں وکیل تو سفیر محض ہے لہذا دوسرا گواہ پایا گیا اسلئے نکاح درست ہے اور اگر صغیرہ کا باپ موجود نہ ہو تو نکاح صحیح نہیں ہو گا کیونکہ اب مباشر نکاح اب وکیل ہے گواہی کے لیے صرف ایک گواہ رہ گیا اور ایک گواہ کی گواہی سے نکاح منعقد نہیں ہوتا

**,سوال نمبر76**

**محرمات موبدہ و محرمات موقتہ کا معنی بیان کریں ہر ایک کو مثال سے واضح کریں؟**

**جواب**

محرمات موبدہ۔۔ایسی عورتیں جن سے ہمشیہ کے لیے نکاح کرنا حرام ہو جیسے۔ماں،بہن،بیٹی،بہو،ساس،خالہ،پھوپی،بھتیجی،بھانجی وغیرہ وغیرہ

محرمات موقتہ۔۔وہ عورتیں جن سے ہمشیہ کے لیے تو نکاح حرام نہ ہو مگر کسی خاص مدت تک جیسے ایک نکاح میں دو بہنوں کولانا

**سوال نمبر77,**

**ولو تزوج اختین عقدین ولم یدر الاول عبارت پر غور کرتے ہوئے نکاح اور حق مہر بیان کریں؟**

**جواب**

مذکورہ عبارت میں حکم یہ ہے کہ قاضی۔مرد اور ان دونوں عورتوں کے درمیان تفریق کردے گا اور یہ تفریق طلاق بائن ہوگی اور ان دونوں کے لیے نصف مہر ہو گا

**سوال نمبر78،**

**ولو تزوج اختین فی عقدین ولم یدر الاول عبارت پر غور کرتے ہوئے نکاح اور حق مہر کا حکم بیان؟**

**جواب**

دونوں بہنوں سے دو عقدوں میں نکاح کیا اور یہ بھی نہیں پتا کہ پہلی کونسی ہے تو دونوں کا نکاح باطل اور دونوں کیلئے نصف مہر ہو گا

**سوال نمبر79,**

**حرمت مصاہرت کو واجب کرنے والے اسباب کون سے ہے؟**

**جواب**

زنا۔چھونا شہوت کے ساتھ۔اور شہوت کی نظر سے عورت کی شرم گاہ کو دیکھنا

**سوال نمبر80،۔**

**آزاد یا غلام مرد ایک وقت میں کتنی عورتوں سے نکاح کر سکتا ہے؟**

**جواب**

جو آزاد مرد ہے وہ ایک وقت میں 4 عورتوں سے اور غلام 2 عورتوں سے نکاح کر سکتا ہیں

**سوال نمبر81,**

**کس صورت میں حاملہ سے نکاح کرنا جائز ہے لکین وطی کرنا جائز نہیں؟**

**جواب**

اگر کوئی عورت زنا سے حاملہ ہوئی ہے تو اس سے نکاح کرنا جائز ہے لکین وضع حمل تک وطی کرنا جائز نہیں

**سوال نمبر82,**

**.کیاحالت احرام میں نکاح کرنا جائز ہے؟**

**جواب**

جی ہاں حالت احرام میں نکاح کرنا جائز ہے

**سوال نمبر83،**

**آزاد پر لونڈی سے یالونڈی پر آزاد عورت سے نکاح کرنے کا حکم بیان کریں؟**

**جواب**

آزاد پر لونڈی نہیں لاسکتے لکین لونڈی پر آزاد لاسکتے ہے

**سوال نمبر84,**

**نکاح متعہ وموَقت کسے کہتے ہیں؟ نیز ان کا حکم بھی بیان کریں؟**

**جواب**

نکاح متعہ۔۔ کسی عورت سے مقررہ مال کے بدلے معینہ مدت نفع اٹھانا نکاح متعہ کہلاتا ہے

نکاح موَقت۔۔ یہ کہ کوئی شخص دو گواہوں کی موجودگی میں ایک مدت بس محدود کے لیے نکاح کرے نکاح موَقت کہلاتا ہے

ان کا حکم یہ ہے کے دونوں نکاح باطل ہے

**سوال نمبر85،**

**ولی اور کفو کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں؟**

**جواب**

ولی کا لغوی معنی۔ دوست

ولی کا اصطلاحی معنی۔ ولی وہ جو کسی غیر پر حکم نافذ کر سکے

کفو کا لغوی معنی۔۔ ہمسری یا برابری

کفو کا اصطلاحی معنی۔۔ مرد کا عورت کے نسب۔ حریت۔ مال۔ پیشہ۔ السلام۔ امانت دار

یں مساوی ہونا

**سوال نمبر86,**

**باکرہ یا ثیبہ کی طرف سے اجازت پر دلالت کرنے والے الفاظ بیان کریں؟**

**جواب**

باکرہ اگر خاموش رہی۔ یا ہنس پڑی۔ یا رو پڑی۔ تو اس کی طرف سے اجازت ہو گی

اگر ثیبہ خاموش۔ رہی یا ہنس پڑی۔ یا رو پڑی۔ تو اس کے لیے قول ضروری ہے پوچھنا ضروری واضع طور پر

**سوال نمبر87,**

**باکرہ بالغہ یا نابالغہ کا نکاح ولی نے جبرا کیا نکاح کا حکم بیان کریں؟**

**جواب**

بالغہ کا نکاح ولی نے کیا جبرا تو پھر بالغہ کو حق حاصل ہے نکاح ٹرواسکتی ہے بالغہ کو اختیار حاصل ہے اگر نابالغہ کا نکاح باپ دادا نے کروایا اب وہ بالغ ہو کر نکاح کو نہیں ٹرواسکتی اسے کوئی اختیار حاصل نہیں ہو گا ہاں اگر باپ دادا کے علاوہ نابالغہ کا نکاح کروایا تو اب وہ بالغ ہو گی تو اسے اختیار حاصل ہو گا اب وہ نکاح ٹرواسکتی ہے اگر باپ دادا کے علاوہ کسی نے کیا

**سوال نمبر88,**

**اگر کثرت حیض، تعنیس، یا زنا، کی وجہ سے پردہ بکارت زائل ہو جاے عورت باکرہ ہو گی یا ثیبہ ؟؟**

**جواب**

عورت باکرہ کے حکم میں ہو گی

**,سوال نمبر89**

**عصبہ کسے کہتے ہیں نیز ولی کون بن سکتا ہے اور ولایت نکاح میں اسکی ترتیب بیان کریں؟**

**جواب**

(قریبی رشتہ داروں کو عصبہ کہتے ہیں ( وہ وارث جو اپنے مورث ہ کی ساری کی ساری جائیداد دے جاۓ اسے عصبہ کہتے ہیں

ولی کون بن سکتا ہے ؟ پہلے باپ، دادا، بھائی، چچا، چچا کا بیٹا، اگر ان میں سے کوئی بھی نہ ہو تو ولایت عورت کی طرف منتقل ہو گی یعنی ماں کی طرف منتقل ہو گی

**سوال نمبر90،**

**ولایت نکاح میں ترتیب بیان کریں عورتوں کی طرف کب ولایت منتقل ہو گی اور ان میں کیا ترتیب ہو گی**

**جواب**

ولایت نکاح میں ترتیب۔ پہلے باپ۔ دادا۔ بھائی۔ چچا۔ چچا کا بیٹا اور اگر ان میں سے کوئی بھی نہ ہو تو ولایت عورت کی طرف منتقل ہو گی

نکاح میں عورتوں کی ترتیب ؟ اگر عصبہ نا ہو تو ولایت ماں کے لیے۔ پھر حقیقی بہن کے لیے۔ ماں شریک بہن کے لیے۔ اور باپ شریک بہن کے لیے۔ پھر ذوالارحام قریبی رشتہ داروں کے لیے پھر اس کے بعد حاکم کے لیے

**سوال نمبر91،**

**خیار بلوغ کسے کہتے ہیں، یہ کب اور کسے حاصل ہے اس کی شرط کیا ہے؟**

**جواب**

خیار بلوغ کسے کہتے ہے۔ اگر نکاح کر دیا چھوٹے بچے اور بچی کا تو اس کے لیے اختیار ہے کے نکاح کو فسخ کر دے اور یہ بالغ ہونے کے بعد حاصل ہو گا

**سوال نمبر92،**

**مرد و عورت میں خیار بلوغ کے بطلان کی صورتیں بیان کریں؟**

**جواب**

باکرہ عورت کا خیار بلوغ سکوت سے باطل ہو جاۓ گا اور لڑکے کا خیار بلوغ سکوت سے باطل نہیں ہو گا بلکہ صراحۃ کہے رضیت کے میں راضی ہوں یا کوئی ایسی علامت پائی جاۓ جو رضامندی پر دلالت کرے

**سوال نمبر93،**

**کس کس کو ولایت حاصل نہیں کنزالدقائق کی روشنی بیان کریں؟**

**جواب**

ولایت کا حق حاصل نہیں غلام کو۔ بچے کو۔ مجنون کو۔ اور نہ کافر کو مسلمان عورت پر

**سوال نمبر94**

**مجنونہ کا ولی اقرب کون ہے؟**

**جواب**

مجنونہ کا ولی اقرب اس کا بیٹا ہو گا

**سوال نمبر95،**

**ولی اقرب کی غیر موجودگی میں ولایت کسے حاصل ہے؟ غیر موجودگی میں کتنی مسافت کا اعتبار ہے؟**

**جواب**

ولی اقرب کی غیر موجودگی میں ولایت ولی بعید کو حاصل ہے نیز غیر موجودگی میں اتنی مسافت کا اعتبار ہے کے اس کے ملنے کی امید نہ ہو

**سوال نمبر96،**

**آزاد عورت نے بغیر اجازت ولی غیر کفو میں نکاح کیا نکاح کا کیا حکم ہے؟**

**جواب**

یہ نکاح ولی کی اجازت پر موقوف ہے

**سوال نمبر97،**

**کفاءت میں کتنی چیزوں کا اعتبار ہے( صرف نام بیان کریں )؟**

جواب

کفاءت میں 6 چیزوں کا ہونا ضروری ہے

1 نسب 2مال 3 اسلام 4 آزاد 5 پیشہ 6 دیانت داری

,سوال نمبر98

**غلام یالونڈی نے بغیر اجازت مولی کی نکاح کیا تو کیا حکم ہے؟**

جواب

اس کا نکاح مولی کی اجازت پر موقوف ہے

سوال نمبر99،

**فضولی و نکاح فضولی کسے کہتے ہیں؟ اس نکاح کا حکم بھی بیان کریں؟**

جواب

فضولی کسے کہتے ہے۔ وہ شخص جو نہ ہی وکیل اور نہ ولی ہو اور اس کو اجازت بھی نہ ہوں اور وہ کسی عورت کا بغیر اجازت نکاح کر دے تو یہ نکاح فضولی ہے یہ نکاح فاسد ہے

، سوال نمبر100

**مہر کسے کہتے ہیں اس کی کم سے کم مقدار بیان کریں؟**

جواب

وہ چیز جو ملک بضعہ کے عوض مال دینا ( مہر نکاح کے حکم کو واجب کر تا ہے عقد کے ساتھ ) اس کی مقدار کم از کم 10 درھم ہیں

سوال نمبر101،

**مہر کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک تعریف بیان کریں**

جواب

( مہر کی دو قسمیں ہیں 1 ( مؤجل ) 2 ( معجل

پھر ان دونوں کی دو دو قسمیں ہیں 1 مہر مسمی 2 مہر مثلی

تعریفات

مؤجل۔ جو وطی یا خلوت کے بعد دیا جاے

معجل۔ جو وطی یا خلوت صحیحہ سے پہلے دیا جاے

مہر مسمی۔ جس مہر کو بیان کیا گیا ہوں

مہر مثلی۔ باپ کے خاندان کی عورتوں کی عورتوں سے جو مہر دیا جاتا ہے

**سوال نمبر102،**

**مہر مسمی، نصف، مثلی، اور متعہ کب کب دیا جاتا ہے کنزالدقائق کی روشنی میں بیان کریں؟**

**جواب**

عورت کے لیے مہر کو ذکر نہ کیا یا پھر ذکر تو کیا مگر دس درھم سے کم ذکر کیے اور وطی کر لی یا مرد فوت ہو گیا یا خلوت صحیحہ واقع ہو گئی تو مہر مسمی ادا کیا جاے گا

نصف۔ مہر کو ذکر کیا مگر خلوت و وطی سے پہلے عورت کو طلاق دے دی تو نصف مہر مسمی ادا کیا جاے گا

مہر مثلی۔ جس عورت کیلیۓ مہر کو ذکر نہ کیا یا مطلقاً نفی کر دی تو وطی کر لی یا خلوت صحیحہ واقع ہو گئی تو مہر مثلی ادا کیا جاے گا

( متعہ۔ جس عورت کے مہر کو ذکر نہیں تو اس سے وطی سے پہلے طلاق دے دی تو اسے متعہ ادا کیا جاے گا۔( واجب

**سوانمبر103،**

**خلوت صحیحہ سے کیا مراد ہے؟ نیز موانع خلوت کتنے اور کون کونسے ہیں؟**

**جواب**

میاں بیوی کا ایسی خلوت میں ہونا کہ ان کو کوئی چیز مانع نہ ہو وطی کرنے خلوت صحیحہ کہلاتی ہے

مانع خلوت 3 ہیں۔ 1 مانع حسی 2 مانع شرعی 3 مانع طبعی

**سوال نمبر104،**

**مجبوب عنین یا خصی کی خلوت خلوت صحیحہ ہے یا نہیں؟**

**جواب**

ان کی خلوت بھی خلوت صحیحہ ہو گی اور بچہ کا نسب اور عدت بھی واجب ہو گی

**سوال نمبر105،**

**متعہ مستحب کب ہے اور کب واجب؟**

**جواب**

ایسی مطلقہ جس کیلئے مہر کو ذکر نہ کیا ہو اور اس کو وطی سے پہلے طلاق دے دی ہو تو اس عورت کو مفوضہ قبل الوطی کہتے۔ ہیں اور اس عورت کیلئے متعہ واجب ہے

اس کے سب کے متعہ مستحب ہے

**سوال نمبر106،**

**عجمی میں نسب کا اعتبار کیوں نہیں؟**

**جواب**

(عجمیوں نے اپنے نسب کو کفر کر کے خراب کیا ہے اس لیے ان میں نسب کا اعتبار نہیں کیا گیا ہے ( نسب خلط ملط کر دیا ہے

**سوال نمبر107,**

**اگر آزاد یا لونڈی نے تعلیم قرآن پر نکاح کیا مہر میں کیا واجب ہو گا؟**

**جواب**

مہر مثلی واجب ہو گا

**سوال نمبر108،**

**نکاح شغار کسے کہتے ہیں؟اس میں مہر کا فیصلہ کیسے کیا جائیگا؟**

**جواب**

نکاح شغار کسے کہتے ہے۔ بکر کا اپنی بہن کا نکاح زید سے اس شرط پر کرنا کہ زید بھی اپنی بہن کا نکاح بکر کے ساتھ کرے اور یہ نکاح کرنا ہی ان دونوں کا۔ مہر ہو گا اس نکاح شغار کہتے ہیں ( وٹاسٹا) تو مہر مثلی دیا جاے گا

**سوال نمبر109،**

**ولو قبضت الف المھر ووھبت لہ فطلقت قبل الوطی مذکورہ عبارت پر غور کریں اور مہر کا حکم بیان کریں؟**

**جواب۔**

اگر بیوی نے اپنے مہر کے ہزار درھم پر قبضہ کیا اور پھر وہی درھم شوہر کو ہبہ کر دیے پھر طلاق قبل الوطی واقع ہو گئی تو شوہر بیوی سے پانچ سو درھم واپس لے لے کیونکہ قبل از وطی ہونے سے نصف مہر واجب ہو گا

**سوال نمبر110،**

**دو معین غلاموں میں سے کسی ایک پر نکاح کیا مہر کا فیصلہ کیسے کیا جایگا؟**

**جواب**

مہر مثلی کو حکم :بنایا جاے گا یعنی دونوں میں سے جس کی قیمت کم ہو گی تو اگر مہر اس کی قیمت سے بھی کم ہو تو کم قیمت کا غلام واجب ہو گا اور اگر دوسرے غلام کی قیمت سے زیادہ مہر مثلی ہو تو دوسرا غلام واجب ہو گا اور اگر مہر مثلی دونوں غلاموں کی قیمت کے درمیان ہو تو مہر مثلی دیا جاے گا

**,سوال نمبر111**

**دو معین غلاموں پر نکاح کیا ایک یا دونوں آزاد نکل آئے مہر میں کیا واجب۔ ہو گا؟**

**جواب۔**

اگر ایک غلام نکلا اور دوسرا آزاد تو اسے غلام ایک ہی جو معین ہو بطور مہر دیا جاے گا اور اگر دونوں معین غلام آزاد نکلے تو مہر مثلی واجب ہو گا

**,سوال نمبر112**

**نکاح فاسد میں مہر مسمی واجب ہے یا مہر مثلی نیز بچے کا نسب اور عدت واجب ہے یا نہیں؟**

**جواب۔**

نکاح فاسد میں وطی کر لی تو مہر مثلی واجب۔ ہو گا اور مہر مثلی کو مسمی پر زائد نہیں کیا جاے گا۔ بچے کا نسب اور عدت بھی واجب ہو گی

**سوال نمبر113،۔**

**مہر مثلی کا اندازہ کیسے لگایا جائیگا؟ نیز اس میں کس کس چیز کا اعتبار کیا جائیگا؟**

**جواب**

عورت کے باپ کی قوم کی عورتوں کا اندازہ لگا کر مہر مثلی واجب ہو گا

چیزوں میں برابری کا اعتبار کیا جاے گا 8

1 عمر 2جمال 3مال 4بلد 5زمانہ 6عقل 7دین داری 8بکارۃ

**سوال نمبر114,**

**کیا ولی کے لیے مہر کا ضامن بننا صحیح ہے نیز مطالبہ کس سے ہو گا؟**

**جواب**

ولی کے مہر کا ضامن بننا صحیح ہے۔ عورت کو اختیار ہے چاہے ولی سے یا چاہے زوج سے مطالبہ کرے

**سوال نمبر115,**

**عورت شوہر کو قدرت دینے سے کس صورت میں روک سکتی ہے اور کیوں؟**

**جواب**

مہر معجل کی صورت میں جبکہ ادا نہ کیا ہو تو عورت مرد کو قدرت دینے سے روک سکتی ہے کیونکہ مہر عورت کا حق ہے اور حق نہ ملنے کی وجہ سے عورت قدرت دینے سے مرد کو روک سکتی ہے

**سوال نمبر116,**

**مہر کی مقدار میں زوجین کا اختلاف ہو اتو فیصلہ کیسے کیا جائیگا؟**

**جواب**

مقدار کی صورت میں اختلاف ہو اتو مہر مثلی کو حکم بنایا جاے گا( یعنی اگر مرد کے قول سے مہر مثلی کم ہو اتو مرد کا قول معتبر ہو گا اور اگر عورت کے قول سے زیادہ مہر مثلی ہو اتو عورت کا قول معتبر ہو گا اگر دونوں کے اقوال کے درمیان مہر مثلی ہو اتو مہر مثلی واجب ہو گا

**,سوال نمبر117**

**زوجین کے انتقال کے بعد ان کے ورثاء کا مقدار مہر میں اختلاف ہوا تو فیصلہ کیسے کیا جائیگا؟**

**جواب**

مرد کے ورثاء کے قول کا اعتبار کیا جائیگا

**سوال نمبر118،**

**مہر مسمی میں زوجین کا اختلاف ہوا تو کیا واجب ہو گا؟**

**جواب**

مہر مثلی واجب ہو گا

**,سوال نمبر119**

**مہر یا ہدیہ میں زوجین کا اختلاف ہوا کس کے قول پر فیصلہ ہو گا؟**

**جواب**

مہر یا ہدیہ میں زوجین کا اختلاف ہوا تو شوہر کے قول پر فیصلہ ہو گا

**سوال نمبر120،**

**قسم کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟**

**جواب**

لغوی معنی۔ برابری

اصطلاحی معنی۔ اگر کسی شخص کے نکاح میں ایک سے زائد بیویاں ہیں تو ان کے حقوق میں برابری کرنا

**سوال نمبر121،**

**ایک سے زائد عورتوں میں کن کن چیزوں میں برابری ضروری ہے؟**

**جواب**

شب باشی یعنی ( عورتوں کے درمیان رات گزارنے میں برابری ) کھانے میں، لباس میں، اور حسن معاشرت میں برابری ہونی چاہیے

**,سوال نمبر122**

**اگر ایک زوجہ اپنی باری دوسری کے لیے ہبہ کردے تو رجوع کا حق حاصل ہے یا نہیں اور کب تک ؟**

**جواب**

اگر ایک زوجہ نے اپنی باری دوسری کے لیے ہبہ تو اسے رجوع کا حق حاصل ہے

**,سوال نمبر123**

**رضاعت کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟**

**جواب**

رضاعت کا لغوی معنی۔ چھاتی چوسنا

اصطلاحی معنی۔ شیر خوار بچے کا کسی عورت کے پستان کو چوسنا ہے ایک خاص وقت میں

**سوال نمبر124،**

**کتنی مدت میں کتنا دودھ پینے سے رضاعت ثابت ہو گی؟**

**جواب**

تیس ماہ کے اندر ایک چسکی پینے سے بھی رضاعت ثابت ہو جاتی ہے

**,سوال نمبر125**

**رضاعت سے کون کون سے رشتے حرام ہوتے ہیں؟**

**جواب**

رضاعت سے وہ تمام رشتے حرام ہوتے ہیں جو نسب سے حرام ہوتے ہیں

**سوال نمبر126،**

**دودھ عورت نے پلایااس کے شوہر کے حرام ہونے کی کیاوجہ ہے؟**

**جواب**

عورت نے جو دودھ پلایا ہے اس دودھ اترنے کا سبب اس کا شوہر بنا ہے اور عورت نے بچے کو وہ دودھ پلایا جس کے اترنے کا سبب وہ مرد بنااس حساب سے وہ مرد عورت کا شوہر اور اس بچے کا رضاعی باپ بنا کیونکہ وہ عورت اس بچے کی رضاعی ماں بنے گی

**سوال نمبر127,**

**تحل اخت اخیہ رضاعاونسبا**

**مذکورہ عبارت پر غور کرتے ہوے مسئلہ مثال سے واضع کیجیے؟**

**جواب**

( ترجمہ۔اور حلال ہے بھائی کی رضاعی اور نسبی بہن. یعنی ( زید اور بکر باپ کی طرف سے بھائی اور بکر کی ماں کی طرف سے ایک بہن ہے تو زید اس سے نکاح کر سکتا ہے

**سوال نمبر128,**

**اگر عورت کا دودھ طعام۔پانی۔دوا۔ بکری۔یا کسی دوسری عورت کے دودھ کے ساتھ ملا کر پلایا یا رضاعت ثابت ہو گی یا نہیں؟**

**جواب**

اگر عورت کا دودھ کھانے میں ملایا تو رضاعت ثابت نہیں ہو گی اور اگر پانی۔دوا۔ بکری۔یا کسی دوسری عورت کے دودھ کے ساتھ ملا کر پلا دیا تو غالب کا اعتبار کیا جاے گا( دودھ ( کی مقدار کا اعتبار کیا جاے گا

**سوال نمبر129,**

**اگر کبیرہ نے صغیرہ بیوی کو دودھ پلا دیا نکاح اور مہر کا حکم بیان کریں؟**

**جواب**

اگر کبیرہ نے صغیرہ بیوی کو دودھ پلایا تو دونوں حرام ہو جائیں گی اور بڑی کو مہر نہیں ملے گا اگر اس سے وطی نہ کی ہو اور چھوٹی کو نصف ملے گا اور شوہر یہ مہر بڑی سے لے گا اگر اس نے زائد نکاح کا ارادہ نہ کیا ہو ورنہ نہیں

**,سوال نمبر130**

**ثبوتِ رضاعت کی شرط بیان کریں؟**

**جواب**

جس گواہی سے مال ثابت ہوتا ہے اسی سے رضاعت بھی ثابت ہو جاتی ہے

# طویل سوالات(LQ,s)

## ( کتاب الحج )

**,سوال نمبر1**

**حج کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں نیز حج کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں کنزالد قائق کی روشنی میں تحریر کریں؟**

**جواب**

حج کا لغوی معنی۔ قصد کرنا یا ارادہ کرنا

اصطلاحی معنی۔ کسی مخصوص جگہ مخصوص وقت میں مخصوص فعل کے ساتھ مخصوص زمانے میں زیارت کرنا حج کہلاتا ہے

نیز حج واجب ہونے کی کنزالد قائق کی روشنی میں 8 شرائط ہے وہ درج ذیل ہے

1 اسلام 2 عاقل 3 بالغ 4 آزاد 5 وقت 6 توشہ یعنی نان نفقہ پر قدرت 7 سواری پر قدرت 8 فرضیت حج کا علم

**سوال نمبر2،**

**میقات کتنے اور کون کونسے ہیں؟ کس کے لیے کونسا میقات ہے اور کون کہاں سے احرام باندھے گا؟**

**جواب**

میقات کل 5 ہیں اور وہ یہ ہیں

1 ذوالحلیفہ 2 ذات عرق 3 قرن 4 حجفۃ 5 یلملم

ذوالحلیفہ "۔یہ مدینہ والوں کے لیے

ذات عرق" ۔یہ اھل عراق کیلئے

حجفۃ " ۔شامیوں کے لیے

قرن " ۔یہ نجد والوں کے لیے

یلملم" ۔اہل یمن کیلئے معین ہے

نیز غیر مکی کے لیے میقات سے محرم ہوناواجب ہے میقات والوں کے لئے حل سے اور مکی کے لیے اگر اس نے بھی حج کرنا ہے تو اس کا بھی حرم سے محرم ہوناواجب ہے اگر مکی نے عمرہ کرنا ہے تو حل سے ہوناواجب ہے

**,سوال نمبر3**

**حج کی کتنی اقسام ہیں ہر ایک کی تعریف کریں _ عندالاحناف کون سی قسم کا افضل ہے نیز نیت احرام میں فرق بیان کریں؟**

**جواب**

حج کی تین اقسام ہیں

1 قران 2 تمتع 3 افراد

تعریفات درج ذیل ہے

قارن : ایک احرام سے حج اور عمرے کے ادا کرنے کو قران کہتے ہیں

تمتع : ایک سفر اور دو احراموں سے حج اور عمرہ ادا کرنا تمتع کہلاتا ہے

مفرد : ایک سفر میں صرف حج کرنے کو افراد کہتے ہیں

عندالاحناف افضلیت حج

قران، تمتع، افراد

نیت احرام میں فرق۔ احرام میں نیت شرط ہے

حج قران میں یہ نیت کرے۔ لبیک بالعمرۃ والحج ( عمرے اور حج کی نیت کرے )

تمتع میں۔ لبیک بالعمرۃ ( تمتع میں عمرے کی نیت کرے )

افراد میں۔ لبیک بالحج ( افراد میں حج کی نیت کرے )

**,سوال نمبر4**

**احرام باندھنے کا سنت طریقہ کنزالدقائق کی روشنی میں تحریر کریں نیز مرد و عورت کے احرام میں فرق بیان کریں؟**

**جواب**

احرام باندھنے کا سنت طریقہ، جب کوئی شخص احرام باندھنے کا ارادہ کرے تو وہ وضو کرے لیکن غسل کرنا افضل ہے غسل یا وضو کے بعد احرام کے دو کپڑے ازار اور چادر زیب تن کرے وہ دونوں کپڑے نئے ہوں یا دھلے ہوئے ہوں اور احرام باندھے سے قبل بدن پر ایسی خوشبو لگانا جائز ہے جس کا وجود احرام باندھنے کے بعد تک باقی نہ رہے

احرام کی چادریں پہنے اور خوشبو لگانے کے بعد دو رکعت بطور سنت ادا کرے

احرام کے وقت یہ دعا پڑھے اللھم انی ارید الحج فیسرہ لی وتقبلہ منی اور نماز احرام کے بعد تلبیہ کہ کر حج کی نیت کرے اور تلبیہ میں یہ الفاظ پڑھے ( لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک )

مرد اور عورت کے احرام میں فرق، مرد و عورت احرام میں برابر ہیں مگر عورت کو چند باتیں جائز ہے جیسے سر چھپانا محرم کے سامنے نماز میں تو فرض ہے سر پر بستر بقچہ اٹھانا تو بدرجہ اولی ہے یونہی گوند وغیرہ سے بال جمانا سر وغیرہ پر پٹی باندھنا خواہ گلے یا بازو پر تعویز باندھنا اگرچہ سلا ہوا غلاف کعبہ کے اندر یوں داخل ہونا کہ سر پر رہے منہ پر نہ آئے دستانے موزے سلے ہوئے کپڑے پہنا عورت اتنی آواز سے لبیک نہ کہے کہ محرم سنے اتنی آواز پڑھنے میں ہمشیہ سب کو ضروری ہے اپنے کان تک آواز آئے

**,سوال نمبر5**

**کون کونسے کام کرنا محرم اور محرمہ کے حلال یا حرام ہیں دس دس بیان کریں؟**

**جواب**

حرام کام۔

1 خوشبو ۔عورت سے وطی کرنا2۔ عورت کا بوسہ لینا 3۔اس کی شرم گاہ کی طرف شہوت سے دیکھنا 4۔ فحش گوئی کرنا5۔ کسی سے دنیوی لڑائی جھگڑا کرنا6۔ سلا ہوا کپڑا پہننا7۔خوشبو بالوں بدن یا کپڑوں پر لگانا8۔ جوں مارنا9۔ گوند وغیرہ سے بال جمانا10۔ برقع۔ 11۔ سر سے پاؤں تک کہیں سے کوئی بال کسی طرح جدا کرنا12۔ شکار کرنا13۔ شکار کی طرف اشارہ کرنا14۔ عمامہ پہننا15۔ دستانے پہنا

حلال کام

1 ۔مسواک کرنا2۔ کسی چیز کے سایہ میں بٹیھنا 3۔ □ چھرتی لگانا4۔ انگوٹی پہننا5۔ بے خوشبو سرمہ لگانا6۔ ختنہ کرنا7۔ ٹوٹے ہوے ناخن کو جدا کرنا8۔ بغیر بال مونڈے پچھنا کاٹنا11۔ کھانے کے لیے مچھلی کا شکار کرنا12۔ تعویز پہننا13۔ پانی میں غوطہ لگانا14۔ بے میل کرانا9۔ پالتو جانور اونٹ گائے بکری مرغی وغیرہ ذبح کرنا10۔ درخت چھڑانے حمام کرنا15۔ نکاح کرنا

**,سوال نمبر7**

**طواف وسعی کا سنت طریقہ کنزالدقائق کی روشنی میں تحریر کریں؟**

**جواب**

طواف کا سنت طریقہ۔

سب سے پہلے طواف کی نیت کرے پھر اضطباع کرے پھر دروازے کی جس طرف حجر اسود لگا ہوا ہے وہاں سے حجر اسود کو استلام کرے بوسہ دیتے ہوے طواف کی ابتدا کریں سات چکر اس طرح لگاے کے حطیم کے اندر گزر نانہ پایا جاے اب کعبہ کو بائیں طرف رکھتے ہوے طواف شروع کرے پہلے چار چکروں میں رمل کرنا سنت ہے طواف کا ہر چکر پورا کرنے کے بعد حجر اسود کا استلام کریں ساتویں چکر مکمل ہونے پر استلام کرتے ہوے اضطباع ختم کر دیں طواف مکمل کرنے کے بعد مقام ابراھیم یا مسجد جہاں میں نہیں تو جہاں میسر آئے دو نفل واجب ادا کریں

سعی کا سنت طریقہ۔

حاجی یا عمرہ کرنے والا کوہ صفا سے مروہ تک دوڑے گا تو ایک چکر ہو گا اسی طرح مروہ سے صفا تک دوڑنا دوسرا چکر ہے۔ اسی طرح وہ سات چکر لگائے گا اگر کوئی مروہ سے صفا تک دوڑے تو اس کا پہلا چکر شمار نہیں کیا جاے گا البتہ اس کو اسکے علاوہ سات چکر مکمل کرنا ہونگے

جب سعی مکمل ہو جاے گی تو حاجی یا عمرہ کرنے والا حلق یا تقصیر کرائے گا اسکے بعد وہ احرام کھول دے

**سوال نمبر8،**

**حج کا مختصر طریقہ کنزالدقائق کی روشنی میں تحریر کریں؟**

**جواب**

میقات سے باہر رہنے والے احرام باندھتے ہوے میقات میں داخل ہوں گے پھر۔مکہ میں داخل ہو کرج قدوم کریں گے( یہ غیر مکی کے لیے سنت ہے) اپنی دائیں جانب طواف شروع کرے گا تو پہلے تین چکروں میں رمل کریں گے اور ہر چکر کے بعد حجرا اسود کو استلام کریں گے پھر صفااور مروہ کی سعی کرنا سات چکر میں اگر اس کے بعد میسر ہو تو طواف کرنا پھر یوم ترویہ کے دن منی کی طرف چلے جانا پھر نماز فجر کے بعد یوم عرفہ کے دن عرفات کی طرف جانا پھر وہاں عصر اور ظہر میں ادا کرنا پھر غروب شمس کے بعد مزدلفہ کی طرف چلے جانا پھر طلوع شمس کے جمرہ عقبہ کی رمی کرنا سات کنکریوں کے ساتھ پھر ذبح کرنا اور حلق کروناپھر یوم نحر کو مکہ میں جانا پھر طواف کرنا

**سوال نمبر9،**

**حج قران تمتع اور افراد کے احکام میں فرق کنزالدقائق کی روشنی میں بیان کریں؟**

**جواب۔**

حج قران میں جو احرام باندھا جاتا ہے وہ حج اور عمرے کا اکٹھا باندھا جاتا ہے( پہلے عمرہ کرے حلق نہیں کروائے گے عمرے کے تمام لوازمات پورے کرنے پھر یوم ترویہ کو عمرے ( کے احرام کو حج کے احرام سے تبدیل کرنا اور نہ ہی عمرہ کر کے کے احرام کھول سکتے ہے اور قارن پر قربانی واجب ہوتی ہے

حج تمتع ،حج تمتع میں حج اور عمرے کا علیحدہ احرام باندھا جاتا ہے مگر اس کی دوقسمیں ہے ایک تو یہ ہے کہ اگر آپ جانور ساتھ کے کر گئے ہے تو پھر عمرہ کر کے حلق نہیں کروائے گے اور احرام نہیں کھولے گے اور اگر آپ اپنا جانور ساتھ نہیں لے کر گئے تو آپ عمرہ کر کے آپ احرام کھول سکتے ہے تمتع پر بھی قربانی واجب ہوتی ہے

افراد،جو افراد ہے یہ مطلقاً ہی حج کا احرام باندھتا ہے اس پر قربانی کرنا مستحب ہے

**سوال نمبر10،**

**حج تمتع کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں کنزالدقائق کی روشنی میں تحریر تفصیلاً بیان کرے؟**

**جواب**

حج تمتع کی دوقسمیں ہے

(1) یہ کے جس میں جانور کو ساتھ لے کر جایا جاتا ہے

(2) دوسرا یہ جس میں جانور کو ساتھ نہیں لے کر جایا جاتا

جس صورت میں جانور کو ساتھ لے کر جایا جاتا تو اس میں عمرہ کرنے کے بعد اپنے احرام کو نہیں کھولا جاتا

دوسرا یہ اگر آپ نے عمرہ کیا آپ اپنا جانور ساتھ نہیں لے کر گئے تھے تو پھر آپ حلق کرواکے اپنا احرام کھول سکتے ہے جب ایام حج تو حج کا احرام باندھ لے اور اس میں یہ بھی کے اگر آپ اپنا جانور ساتھ لے کر گئے ہیں تو آپ عمرہ کر کے آپ اپنے گھر واپس لوٹ آئے تب آپکا عمرہ باطل نہیں ہو گا آپ تمتع ہی رہے گے اگر آپ اپنا جانور ساتھ نہیں لے کر گئے تو آپ عمرہ کر کے واپس لوٹ آئے اس طرح میں عمرہ باطل ہو جائے گا اور تمتع نہیں کہلائے گے

**سوال نمبر11،**

**جنایات کی تعریف کریں اور دس ایسے جرائم کریں جن کی وجہ سے دم یابدنہ واجب ہے ؟**

**جواب**

جنایات کی تعریف، وہ چیز جو حرام ہو جائے احرام کی وجہ سے یا حرم میں داخل ہونے کی وجہ سے

جن سے جرائم سے دم یابدنہ واجب ہو تاہے،

(1) محرم نے اگر کامل عضو پر خوشبو لگائی تو دم واجب ہو گا

(2) خوشبو دار سرمہ ایک یا دو بار لگایا تو صدقہ دے

(3) اگر خالص خوشبو یعنی مشک، زعفران، لونگ، الائچی، دار چینی اتنی کھائی کہ منہ کے اکثر حصے پر لگی تو دم دے ورنہ صدقہ

(4)ڈاڑھی میں مہندی لگائی جب بھی دے واجب ہے

(5) خطمی سے سر یاڈاڑھی دھوئی تو دم ہے

(6) اگر محرم نے سلا کپڑا کامل پہنا تو دم واجب ہے اور اس سے کم پہنا تو صدقہ

(7) اگر سلا کپڑا پہنا اور اس کا کفارہ ادا کر دیا مگر اتارا نہیں دوسرے دن بھی پہنے ہی رہا تو اب دوسرا کفارہ واجب

(8) محرم نے سر پر کپڑے کی گٹھری رکھی تو کفارہ

(9) سر یاڈاڑھی کے چہارم بال یا زیادہ بال دور کیے تو دم ہے

(10) ایک ہاتھ ایک پاؤں کے پانچوں ناخن کترے یا بیسوں ایک ساتھ تو دم دے گا اگر اس کام کاٹے تو صدقہ دے گا

**سوال نمبر12،**

**صید سے کیا مراد ہے اس کی جزا کیا ہے اور کیسے مقرر کی جائیگی نیز اگر محرم جزاء دینے سے عاجز ہو تو اس کے لیے کیا حکم ہے ؟**

**جواب**

صید سے کیا مراد ہے ؟خشکی کے وحشی جانور کو صید کہتے

جزاء،اس جانور کی قمیت ہو گی

کیسے مقرر کی جاے گی،دوعادلین شخص اس کی جزاء مقرر کرے گے نیز اگر محرم جزاء دینے سے عاجز ہوں تو وہ روزے رکھے گا

**سوال نمبر13،**

**محرم کا کن جانوروں کا شکار کرنا یا قتل کرنا حرام اور کن کا جائز ہے کنزالدقائق کی روشنی میں بیان کریں؟**

**جواب۔**

( محرم کا جن جانوروں کا قتل کرنا جائز ہے وہ درج ذیل ہے ( محرم کے کچھ واجب نہیں ہو گا جس میں یہ جانور ہیں

کوا،چیل، بچھو،سانپ، بھیڑیا،چوہا،بھانوالے کتے کو، مچھر کو،پسو کو،ان کو مارنے میں کوئی چیز نہیں

جن جانوروں کا محرم کے لیے ذبح کرنا جائز ہے وہ درج ذیل ہے

بکری، گائے،اونٹ،مرغی،اور گھریلو بطخ کو ذبح کرنا جائز ہے

**سوال نمبر14 ،**

**حرم کے درخت کتنے قسموں پر ہیں اور کس قسم کا درخت کاٹنا حرام ہے, حرم کی گھاس چرانے کا کیا حکم ہے؟فتویٰ کس قول پر ہے؟**

**جواب**

حرم کے درخت 4 قسموں پر ہیں ( بہار شریعت )

1 ، کسی نے اسے بویا اور وہ ایسا درخت ہے جسے لوگ بویا کرتے ہیں

2 لوگوں نے بویا تو ہیں مگر اس قسم کا درخت نہیں ہے جسے لوگ بویا کرتے ہیں

3 کسی نے اسے بویا نہیں مگر اس قسم سے ہے جسے لوگ بویا کرتے ہیں,

4بویا نہیں نہ اس قسم سے ہیں جسے لوگ بوتے ہیں

حرم کے گھاس اور درخت کاٹنے حرام ہیں مگر کے وہ درخت کاٹنے جائز ہے جن کو لوگ عادتاًنہ اگاتے ہو(ایسا درخت جس کو لوگ عام طور پر نہیں اگاتے اور وہ کسی کہ ملکیت (میں بھی نہیں ہے

حرم کی گھاس کو فی زمانہ ضرورت کے تحت چرانا( حلال ہے) جائز ہے یعنی جانور اس سے کھاسکتے ہے

**,سوال نمبر15**

**محصر کسے کہتے ہیں۔ محصر کے احرام سے نکلنے کا طریقہ بیان کریں۔ نیز مفرد، قارن، اور معتمر نے احصار کی وجہ احرام کھول دیا تو یہ کس چیز کی قضا کریں گے ؟**

**جواب**

کسی مرض کی وجہ سے یا کسی دشمن کی وجہ سے رک جانا احصار کہلاتا ہے

احرام سے نکلنے کا طریقہ،

اگر محرم قارن ہے تو وہ 2 دم بھیجے گا، مفرد ایک دم بھیجے گا اور معتمر ایک دم بھجے گا

نیز مفرد، قارن، یا معتمر نے احصار کھول دیا تو قضا کرے گا؟

قارن ایک حج اور دو عمرے کی قضا کرے گا مفرد ایک حج اور ایک عمرے کی قضا کرے گا معتمر ایک عمرے کی قضا کرے گا

**سوال نمبر16،**

**عبادات کی کتنی قسمیں ہیں کس عبادت میں نیابت جائز اور کس میں نہیں ؟ حج میں نیابت کے لیے کیا شرط ہے ؟**

**جواب**

عبادات کی تین قسمیں ہیں

1 (عبادت مالی) 2( عبادت بدنی) 3( عبادت مرکبہ یعنی مالی و بدنی)

عبادت مالیہ میں نیابت مطلقاً جائز ہے عبادت مرکبہ میں بھی جائز ہے اور عبادت بدنیہ میں مطلقاً ہی جائز نہیں اور جو عبادت بدینہ اور مالیہ کا مرکب ہے اس میں عذر کے وقت جائز ہے

حج میں نیابت میں کے لیے یہ شرائط ہے جس کی طرف سے حج کرنا اس کو ہمشیہ کا عذر لاحق ہو

**سوال نمبر17،**

**ہدیٔ کا معنی بیان کریں۔ہدی میں کتنے قسم کے جانور داخل ہیں ان کیلئے کیا شرائط ہیں۔ کس ہدی سے فقراء وامراء اور کس ہدی سے صرف فقرا کھاسکتے ہیں؟**

**جواب۔**

ہدی کا معنی ہے قربانی کا جانور

ہدی میں اونٹ گائے بکری وغیرہ شامل ہے ان کی شرائط وہی ہے جو قربانی کے جانور کی شرائط ہے

ہدی کا گوشت فقراء وامراء اور خود کھاسکتے ہیں ان کا گوشت قران، تمتع، اور تطوع اور جنایت کا جو دم ہو گا اس کا گوشت صرف فقراء ہی کھاسکتے ہیں

## کتاب ا لنکاح

**سوال نمبر18،**

**نکاح کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں۔ نکاح کا حکم شرعی کیا ہے؟ نکاح کے ارکان بیان کریں نیز کن الفاظ سے نکاح جائز ہے**

**جواب**

لغوی معنی۔ وطی کرنا، یا عقد کرنا

اصطلاحی معنی۔ ایسا عقد جو قصداً ملک متعہ پر ہوں

شرعی حکم؟ نکاح حالت اعتدال ( مہر نفقہ اور وطی پر قدرت رکھتا ہو) سنت موکدہ ہے اور عند التوقان ( یعنی غلبہ شہوت کے وقت ) واجب ہے اور اگر زنا کا یقین ہو یعنی بغیر نکاح کے زنا سے بچنا ممکن نہ ہو تو فرض ہے

نکاح کے 2ارکان ہے

1 (ایجاب) 2(قبول)

نکاح ایجاب اور قبول سے منعقد ہو تا ہے

**سوال نمبر19,**

**محرمات موبدہ وموقتہ کنزالدقائق کی روشنی میں تحریر کریں؟**

**جواب**

محرمات موبدہ،،ایسی عورتیں جن سے ہمشیہ کے لیے نکاح کرنا حرام ہے جیسے ماں،بہن،بیٹی،بہو،ساس،خالہ۔،پھوپھی،بتیجھی،بھانجی،وغیرہ وغیرہ

محرمات موقتہ،،وہ عورتیں جن سے ہمشیہ کے لیے تو نکاح حرام نہ ہو مگر کسی خاص مدت تک جیسے ایک نکاح میں دو بہنوں کا اکٹھا کرنا

**,سوال نمبر20**

**کن کن عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے؟نیز نکاح متعہ ومؤقت کا حکم بیان کریں؟**

**جواب**

جن سے نکاح کرنا جائز ہے وہ۔درج ذیل ہے

مسلمان مرد کا کتابیہ عورت سے نکاح جانا جائز ہے

صابیہ سے نکاح کرنا

احرام والی عورت یا مرد احرام کا نکاح کرنا جائز ہے

باندی سے نکاح کرنا مطلقاً جائز ہے چاہے وہ مسلمان ہو یا کتابیہ

باندی پر آزاد سے نکاح کرنا جائز ہے

اگر آزاد عورت کی طلاق بائن کی عدت میں باندی سے نکاح کیا تو جائز ہے غلام کے لیے دو عورتوں سے زائد نکاح کرنا جائز نہیں مگر آزاد ایک وقت میں چار شادیاں کر سکتا ہے

نیز نکاح متعہ ومؤقت ان دونوں کا حکم باطل ہے یہ نکاح باطل ہے

**,سوال نمبر21**

**ولی کسے کہتے ہیں؟ولایت کسے حاصل ہے اور کون ولایت کا مستحق نہیں؟عورتوں کی طرف ولایت کب لوٹے گی اور ان میں ترتیب کیا ہو گی؟**

**جواب**

ولی کسے کہتے ہے؟ولی وہ ہے جس کا قول دوسرے پر نافذ ہو دوسرا چاہے یا نہ چاہے

ولایت کسے حاصل ہے؟باپ،دادا،بھائی،چچا،چچا کا بیٹا،وغیرہ

کون ولایت کا مستحق نہیں ؟ بچہ اور مجنون ولی نہیں ہو سکتا

عورتوں کی طرف کب لوٹے گی ترتیب ولایت ؟ باپ دادا بھائی چچا، چچا کا بیٹا اگر ان میں سے کوئی بھی نہ ہو تو ولایت عورتوں کی طرف منتقل ہو گی اگر عصبہ نا ہو تو ولایت ماں، کے لیے، پھر حقیقی بہن کے لیے، ماں شریک بہن کے لیے، اور باپ شریکِ بہن کے لیے، پھر بھائی کے کے پھر ذوالارحام ( قریبی رشتہ داروں کے لیے

**,سوال نمبر 22**

**کفو کا لغوی معنی۔ کفو میں کن چیزوں کا اعتبار کیا گیا ہے ؟ تفصیلاً بیان کریں۔ نیز عجمی میں نسب کا اعتبار کیوں نہیں ؟**

**جواب۔**

لغوی معنی۔ ہمسری یا برابری

(کفو میں کن چیزوں کا اعتبار کیا گیا؟ کفو میں 6 چیزوں کا اعتبار کیا گیا 1 (نسب) 2(مال)3( اسلام) 4(آزاد) 5(پیشہ)6( دیانت داری

نیز عجمی میں نسب کا اعتبار ؟ عجمیوں نے اپنے سنب کو کفر کر کے خراب کیا اس لیے ان میں نسب کا اعتبار نہیں ہو گا

**سوال نمبر23،**

**مہر کسے کہتے ہیں اس کی کم سے کم مقدار کیا ہے اور یہ کس وقت دینا واجب ہے ؟**

**جواب**

مہر کسے کہتے ہیں ؟ وہ چیز جو ملک بعضہ کے عوض مال دینا اس کی مقدار کم از کم 10 درھم ہے

یہ کس وقت دینا واجب ہے ؟

مہر معجل مطالبہ پر یا قبل از وطی

اور مہر موجل موت تک یا طلاق تک تاخیر جائز ہے

**سوال نمبر24،**

**مہر کی کتنی اقسام ہیں ہر ایک کی تعریف بیان کریں۔ کس صورت میں کتنا مہر واجب ہو گا؟**

**جواب**

مہر کی دو قسمیں ہیں۔ 1(مؤجل) 2(معجل)

تعریف۔

معجل۔ مہر معجل ہو اتو بوقت عقد یا خلوت صحیحہ سے پہلے دیناواجب ہے

مؤجل۔ مہر مؤجل میں موت تک یا طلاق تک تاخیر جائز ہے

کس صورت میں کتنامہر واجب ہو گا؟ عورت کے لیے مہر مسمی تھا دس درھم تھے یا پھر اس سے کچھ زیادہ اب اس سے وطی کر لی یا شوہر مر گیا یا خلوت صحیحہ ہو گئی تو اب اگر عورت کو طلاق دے گا تو اس کو پورا مہر دیناواجب ہو گا

دوسری صورت۔۔ اگر عورت کے لیے مہر کو ذکر ہی نہیں کیا گیا تھا اب وطی سے پہلے اس کو متعہ ( تین کپڑے ) ملے گا اب اگر عورت کے لیے مہر کو ذکر نہیں کیا گیا تھا تو اس سے وطی ہو گی تو اب عورت کے لیے مہر مثلی واجب ہو گا اگر عورت کے لیے مہر ذکر کیا تھا مگر وطی سے پہلے اسے طلاق دے دی تو اب اس کو نصف مہر ملے گا

**سوال نمبر25،**

**خلوت صحیحہ کسے کہتے ہیں؟ موانع خلوۃ کون کون سے ہیں تفصیلاً بیان کرے نیز یہ بتائیں متعہ مستحب کب ہے اور واجب کب؟**

**جواب**

خلوۃ صحیحہ سے کیا مراد ہے.؟

میاں بیوی کا ایسی خلوت ہونا کہ ان کا کوئی چیز مانع نہ ہو وطی کرنے سے

مانع خلوت تین ہیں

,1مانع حسی 2،مانع شرعی 3, مانع طبعی

متعہ مستحب کب اور واجب کب؟

ایسی مطلقہ جس کیلئے مہر کو ذکر نہ کیا ہو اور اس وطی سے پہلے طلاق دے دی ہو تو اس عورت کو مفوضہ قبل الوطی کہتے ہیں اس عورت کیلئے متعہ واجب ہے۔

اس کے علاوہ سب کے لیے متعہ مستحب ہے

**سوال نمبر26،**

**عورت نے قبل القبض یا بعد القبض کل یا بعض مہر شوہر کو ہبہ کر دیا طلاق قبل الوطی کی صورت میں کیا حکم ہو گا کنز الدقائق کی روشنی میں تمام صورتیں واضع کریں؟**

**جواب**

عورت نے اگر قبل القبض یعنی عورت کے لیے ایک ہزار درھم تھے تو عورت نے ایک ہزار درھم پر قبضہ کیا اور ھبہ کر دیا مرد نے طلاق دے دی وطی سے پہلے تو مرد عورت سے 500 درھم کا رجوع کرے گا پھر یا عورت نے قبضہ نہیں کیا ایک ہزار درھم پر عورت نے قبضہ کیا آدھے پر اور ھبہ کر دے ایک ہزار جس پر قبضہ نہیں کیا تھا یا مہر کا سامان ھبہ کر دیا قبضے سے پہلے یا قبضے کے بعد پھر طلاق دی وطی سے پہلے تو مرد کسی شی کا رجوع نہیں کرے گا

**سوال نمبر27,**

**مہر مثلی کسے کہتے ہیں اور یہ کس صورت میں لازم آتا ہے؟ مہر مثلی کا اعتبار کن عورتوں سے کیا جائیگا اگر وہ موجود نہ ہوں تو کیسے اندازہ لگایا جائیگا؟**

**جواب۔**

مہر مثلی کسے کہتے ہیں۔، باپ کے خاندان کی عورتوں کے لحاظ سے جو مہر دیا جاتا ہے اسے مہر مثلی کہتے ہے

کس صورت میں لازم آتا ہے،، جس عورت کیلئے مہر کو ذکر نہیں کیا یا مطلقاً نفی کر دی تو وطی کر لی یا خلوت صحیحہ واقع ہو گئ تو مہر مثلی ادا کیا جاے گا

مہر مثلی اعتبار کن عورتوں سے ہے؟ مہر مثلی کا اعتبار باپ کے قبیلے کی عورتوں سے لگایا جاے گا اگر وہ عورتیں موجود نہ ہوں تو پھر عورت کے ماں کی طرف عورتوں کا اعتبار کیا ہو گا اگر مرد نے عورت کیلئے مہر ذکر نہیں کیا یا نفی کر دی مہر کی تو اگر وطی کر لی تو مہر مثلی واجب ہو گا

**سوال نمبر28۔**

**مقدار مہر یا مہر مسمی میں زوجین یا انکے ورثاء کا اختلاف ہوا فیصلہ کیسے کیا جائیگا کنزالدقائق کی روشنی میں اس طرح وضاحت کرے کہ ہر مسئلہ واضح ہو جاے؟**

**جواب۔**

مقدار کی صورت میں اختلاف ہوا تو مہر مثلی کو حکم بنایا جاے گا.( یعنی اگر مرد کے قول سے مہر مثلی کم ہوا تو مرد کا قول معتبر ہو گا اور اگر عورت کے قول سے زیادہ مہر مثلی ہوا تو عورت کا قول معتبر ہو گا اور اگر دونوں کے اقوال کے درمیان مہر مثلی ہوا تو مہر مثلی واجب ہو گا

اگر مہر مسمی میں اختلاف ہوا تو مہر مثلی واجب۔ ہو گا

**سوال نمبر29,**

**ذمی، ذمیہ یا حربیوں نے مردار، شراب یا خنزیر کے بدلے میں نکاح کیا طلاق قبل الوطی دی یا دونوں اسلام لے آئے ان کے کیا احکام ہوں گے؟**

**جواب۔**

اگر ذمی یا ذمیہ نے نکاح کیا مردار کے عوض یا بغیر مہر کے یہ ان کے نزدیک جائز بھی ہو ایسا کرنا پھر اس نے وطی کرنے سے پہلے طلاق دے دی یا مر گیا تو پھر اس کے لیے کوئی مہر نہیں ہے اس طرح ہی حربیوں کا ہے پھر اگر نکاح کیا ذمی یا ذمیہ نے خمر یا خنزیر کے عوض یہ جو خمر یا خنزیر تھا یہ معین تھے پھر دونوں اسلام لے آئے یا ان دونوں میں سے ایک اسلام لے آیا تو اس کے لیے خمر یا خنزیر ہو گی اور اگر غیر معین تھی تو شراب کی قیمت اور اگر خنزیر غیر معین تھا تو مہر مثلی دیا جائے گا

**سوال نمبر30،**

**قسم پر کنزالد قائق کی روشنی میں نوٹ تحریر کریں؟**

**جواب۔**

قسم کا معنی ہے برابری یا ہمسری اگر کسی شخص کے نکاح ایک سے زائد بیویاں ہو تو شوہر پر واجب ہے باری میں عدل وانصاف سے کام لے چاہے دونوں باکرہ ہوں یا ثیبہ یا پھر ایک باکرہ ہو اور دوسری ثیبہ اگر کسی کے نکاح میں ایک آزاد عورت اور ایک باندی تو باندی میں سے دو تہائی آزاد کا ہو گا ایک تہائی باندی کے لیے کیونکہ باندی کی حلت آزاد عورت کی حلت سے کم ہے لہذا حقوق میں کمی ظاہر کرنا ضروری ہے اگر کسی کی متعدد بیویاں ہوں تو احناف کے نزدیک سفر کی حالت میں ان کیلیے باری میں کوئی حق نہیں ہے ان میں سے جس کے ساتھ چاہے سفر کرے البتہ بہتر یہ ہے کہ ان میں قرعہ اندازی کرے جس کے نام قرعہ نکلے اس کے ساتھ سفر کرے اگر کسی نے اپنی باری سوتن کو دے دی تو یہ شرعاً جائز ہے جس عورت نے اپنی باری کا دن دوسری بیوی سوتن کو دے دیا اس۔کیلے جائز ہے کہ وہ اپنے اس حق کو واپس لے لے کیونکہ اس نے ایسا حق ساقط کیا جو ابھی تک واجب نہیں ہوا لہذا اسا قط نہیں ہو گا

**,سوال نمبر31**

**رضاعت کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں مدت رضاعت کتنی ہے نیز رضاعت سے کون کون سے رشتے حرام ہوتے ہیں صاحب کنزالد قائق نے جن رشتوں کا استثنیٰ کیا انہیں بیان کریں؟**

**جواب**

لغوی معنی۔ چھاتی چوسنا یعنی دودھ پلانا

اصطلاحی معنی۔ شیر خوار بچے کا مخصوص مدت میں عورت کی چھاتی چوسنا

مدت رضاعت؟ مدت رضاعت میں آئمہ کا اختلاف ہے

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک اڑھائی سال ہے

رضاعت سے کون سے رشتے حرام ہوتے ہیں؟ جو عورتیں نسب کی وجہ سے حرام ہے وہ تمام عورتیں رضاعت کہ وجہ سے بھی حرام ہوں گی

مصنف نے 2 صورتیں مستثنیٰ بیان کی

پہلی صورت، الاام اختہ

دوسری صورت، رضاعی بیٹے کی بہن سے بھی نکاح جائز ہے

**الحمد للہ کتاب الحج اور کتاب نکاح کے مختصر اور طویل سوالات کے جواب مکمل ہوے**

**اللہ تعالیٰ اسے ہمارے لیے نافع بنائے**

**اللہ تعالیٰ سب کو میٹھے مدینے کی باادب حاضری نصیب فرمائے آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم**

**طالب دعا**

**فقیر اہلسنّت**